## ہدایات برائے ڈومیسائل سرٹیفکیٹ

۱۔ تصدیق شدہ شناختی کارڈ کی کاپی جس پر اسلام آباد کا پتہ ہو اور تاریخ اجراء کم از کم ایک سال پرانی ہونی چاہیئے۔

۲۔ تصدیق شدہ سند (کم از کم میٹرک)، تعلیم نہ ہونے کی صورت میں یا اٹھارہ سال سے کم ہونے کی صورت میں پیدائشی سرٹیفکیٹ / فارم (ب) لف ہو گا۔

۳۔ ایک عدد پاسپورٹ سائز تصاویر۔

۴۔ ڈومیسائل کے حصول کے لیے عمر کی حد 21 سال ہے۔ عمر کم ہونیکی صورت میں اسلام آباد سے جاری کردہ والد / والدہ کا ڈومیسائل جس میں درخواست دہندہ کا نام درج ہو، لف ہو گا۔

۵۔ درخواست دہندہ کے شناختی کارڈ پر مستقل اور موجودہ پتہ الگ الگ ہو تو متعلقہ ضلع کی این او سی لف ہو گا۔

۶۔ کسی بھی ضلع سے ڈومیسائل کینسل کروانے کی صورت میں کنسلیشن لیٹر کی تاریخ اجراء کے ایک سال بعد درخواست دہندہ ڈومیسائل کے حصول کے لیے درخواست دے سکتا ہے۔

۷۔ بیان حلفی برائے ڈومیسائل سرٹیفکیٹ لف ہو گا۔ ڈومیسائل کی فیس مبلغ -/200 ہے۔

۸۔ یوٹیلیٹی بل (بجلی، گیس) لف ہو گا مگر یہ بطور رہائشی ثبوت قابل قبول نہ ہو گا۔

۹۔ رہائشی ثبوت جو ثابت کرے کہ درخواست دہندہ کم از کم ایک سال سے اسلام آباد میں رہائش پذیر ہے جس کے لیے درج ذیل دستاویزات قابل قبول ہوں گی۔

ا۔ تصدیق شدہ (رجسٹری، فرد، الاٹمنٹ لیٹر) کی کاپی لف کریں، رہائشی ثبوت درخواست دہندہ کے والد / والدہ) حقیقی رشتہ دار)، بہن بھائی، چاچا، تایا، خاوند، سسر، ساس کے نام پر ہو تو قابل قبول ہو گا۔ بصورت دیگر کسی بھی رشتہ دار کے نام پر رہائشی ثبوت قابل قبول نہ ہو گا۔

ب۔ کرایہ دار ہونے کی صورت میں کرایہ نامہ (کم از کم ایک سال پرانا) بمع مالک مکان کے شناختی کارڈ کی کاپی لف ہو گا۔

ج۔ CDA ایکوائر شدہ ایریا کے لیے CDA سے یا سیکریٹری یونین کونسل کا رہائشی سرٹیفکیٹ لف ہو گا۔

د۔ کچی آبادی کا رہائشی ہونے کیصورت میں متعلقہ چرچ سے رہائشی سرٹیفکیٹ لف ہو گا۔

## ہدایات برائے درستگی / گمشدگی ڈومیسائل سرٹیفکیٹ

۱۔ ڈومیسائل گم ہونے کی صورت میں FIR کی کاپی اور موجودہ ہدایات کے مطابق کاغذات جمع کرانا ہوں گے۔

۲۔ درستگی / گمشدگی ڈومیسائل کی صورت میں CNIC پر موجودہ اور مستقل پتہ الگ الگ ہونے کی صورت میں متعلقہ ضلع کی NOC لف ہو گی۔

**نوٹ: درخواست برائے ڈومیسائل جمع ہونے کے بعد درخواست دہندہ کو کاغذات کی جانچ پڑتال اور منظوری کے لیے متوقع تاریخ دی جائے گی۔ بعد از منظوری کاغذات کے درخواست دہندہ کو ڈومیسائل سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے گا۔ دی گئی تاریخ پر درخواست دہندہ کو خود حاضر ہونا ہو گا۔**

CS CamScanner